
# پپن پوپی کوک

## فلورالیا
## کروشے آلونگ

امریکی انگریزی



مترجم : روبیہ خواجہ ۔ زوجہ عمار۔

**ہیلن شرمپٹن کا تیار کردہ مکمل ٹیٹوریل آپ کرسٹل اینڈ کروشے سے حاصل کر سکتے ہیں ۔**

## درمیانی پھول

**چار ایم ایم کا کروشیا ہک استعمال کیا گیا ہے ۔**

چار زنجیر ٹانکے بنائیں اور پہلی زنجیر میں جوڑ کر چھلا بنا لیں ۔ گم چھلا/جادوئی چھلا بھی استعمال کیا جا سکتا ہے ۔

**پہلا چکر ۔**

ایک زنجیر ٹانکا بنائیں ۔ چھلے میں آٹھ سادہ ٹانکے بنائیں ۔ پہلے سادہ ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں ۔

**ٹانکے شمار کرئیں ۔ آٹھ سادہ ٹانکے ۔**

**دوسرا چکر ۔**

تین زنجیر ٹانکے بنائیں ۔ (دہرائی کا پہلا بڑا ٹانکا شمار ہوگا ۔) * ہر ٹانکے میں پھولی مکئی ٹانکا اور دو زنجیر ٹانکے بنائیں ۔*

پہلے پھولی مکئی ٹانکے میں گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں ۔

**ٹانکے شمار کرئیں ۔ آٹھ پھولی مکئی ٹانکے ۔ دو زنجیر ٹانکے والی آٹھ جگہ ۔**

**تیسرا چکر ۔**

گم ٹانکے کے ذریعے دو زنجیر ٹانکے والی جگہ میں پہنچ جائیں ۔ تین زنجیر ٹانکے بنائیں ۔ ( دہرائی کا پہلا بڑا ٹانکا شمار ہوگا) *( دو زنجیر جگہ میں بنائیں ۔ پھولی مکئی ٹانکا ۔ تین زنجیر ٹانکے ۔ پھولی مکئی ٹانکا) تین زنجیر ٹانکے بنائیں ۔*

آٹھ بار دہرائیں ۔ پہلے پھولی مکئی ٹانکے میں گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں

**ٹانکے شمار کرئیں ۔ سولہ پھولی مکئی ٹانکے ۔ تین زنجیر ٹانکے والی سولہ جگہیں ۔**

**پیمائش ۔ ڈھائی انچ ہوگی**







**چوتھا چکر ۔**

کسی بھی تین زنجیر جگہ میں بنائیں ۔ *(سادہ ٹانکا ۔ پانچ زنجیر ٹانکے ۔ سادہ ٹانکا ۔) اگلی تین زنجیر جگہ میں بنائیں ۔ سادہ ٹانکا ۔ ایک زنجیر ٹانکا ۔ سادہ ٹانکا)* آٹھ بار دہرائیں ۔ پہلے سادہ ٹانکے میں گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں ۔(

**ٹانکے شمار کرئیں ۔ پانچ زنجیر ٹانکے والی آٹھ جگہ ۔ ایک زنجیر ٹانکے والی آٹھ جگہ ۔ بتیس سادہ ٹانکے ۔**

**پانچواں چکر ۔**

گم ٹانکا بناکر پانچ زنجیر جگہ میں پہنچ جائیں ۔ تین زنجیر ٹانکے بنائیں ۔(دہرائی کا پہلا بڑا ٹانکا شمار ہوگا)

*تین بڑے ٹانکے ۔ دو آدھے بڑے ٹانکے ۔ دو زنجیر ٹانکے ۔ دو آدھے بڑے ٹانکے ۔ تین بڑے ٹانکے ۔ اگلی ایک زنجیر جگہ * میں سادہ ٹانکا بنائیں ۔* پہلے ٹانکے میں گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

**ٹانکے شمار کرئیں ۔ آٹھ  پتیاں**


Round 4


Round 5


**چھٹا چکر ۔**

**اشارہ: پتیوں کے پچھلی طرف {تیسرے چکر} کی زنجیر جگہ میں کام کیا جائے گا ۔**

پتی کے درمیان بنی تین زنجیر جگہ سے شروع کریں (چکر نمبر تین) ۔

*پتی کے درمیان میں سادہ ٹانکا بنائیں ۔ تین زنجیر ٹانکے بنائیں ۔ دو پتیوں کی درمیانی جگہ میں سادہ ٹانکا بنائیں ۔ * آٹھ بار دہرائیں ۔ گم ٹانکے سے پہلے ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں ۔

**ٹانکے شمار کرئیں ۔ تین زنجیر ٹانکے والی سولہ جگہیں ۔ سولہ سادہ ٹانکے ۔**







**ساتواں چکر ۔**

ایک زنجیر ٹانکا بنائیں ۔ *اگلی زنجیر جگہ میں دو سادہ ٹانکے ۔ سات زنجیر ٹانکے بنائیں ۔ اگلی زنجیر جگہ میں دو سادہ ٹانکے بنائیں ۔ تین زنجیر ٹانکے بنائیں ۔ * آٹھ بار دہرائیں ۔ گم ٹانکے سے پہلے ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں ۔

**ٹانکے شمار کرئیں ۔ سات زنجیر ٹانکے والی آٹھ جگہ ۔ تین زنجیر ٹانکے والی آٹھ جگہ ۔ بتیس سادہ ٹانکے ۔**


**آٹھواں چکر ۔**

گم ٹانکے کے ذریعے سات زنجیر جگہ میں پہنچ جائیں ۔ تین زنجیر ٹانکے بنائیں(دہرائی کا پہلا بڑا ٹانکا شمار ہوگا)

*(چار بڑے ٹانکے ۔ تین آدھے بڑے ٹانکے ۔ دو زنجیر ٹانکے ۔ تین آدھے بڑے ٹانکے ۔ چار بڑے ٹانکے) سات زنجیر جگہ میں

اگلی تین زنجیر جگہ میں ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ * آٹھ بار دہرائیں ۔ پہلے ٹانکے میں گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

**ٹانکے شمار کرئیں ۔ آٹھ پتیاں ۔**






**نوواں چکر**


**پتیوں کی پچھلی طرف کام کرنا ہے ۔**

{آٹھویں چکر} میں بننے سادہ ٹانکے سے پہلے {چکر نمبر سات} کی تین زنجیر جگہ سے کام شروع کریں ۔

*{چکر نمبر سات} کی تین زنجیر جگہ میں سادہ ٹانکا بنائیں ۔ سات زنجیر ٹانکے بنائیں ۔ سادہ ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔{ چکر نمبر

سات} کی تین زنجیر جگہ میں سادہ ٹانکا بنائیں ۔سادہ ٹانکے کے بعد )۔ ({چکر نمبر چھ }کی اگلی آنے والی دو زنجیر جگہ میں دو ۔ دو سادہ ٹانکے بنائیں ۔)* آٹھ بار دہرائیں ۔ گم ٹانکے سے پہلے ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں ۔

**ٹانکے شمار کریں ۔ سات زنجیر ٹانکوں والی آٹھ جگہ ۔ اڑتالیس سادہ ٹانکے ۔**




**دسواں چکر ۔**

گم ٹانکے کے ذریعے سات زنجیر جگہ میں پہنچ جائیں ۔ تین زنجیر ٹانکے بنائیں ۔(دہرائی کا پہلا بڑا ٹانکا شمار ہوگا)

سات زنجیر جگہ میں بنائیں *۔(چار بڑے ٹانکے ۔ تین آدھے بڑے ٹانکے ۔ دو زنجیر ٹانکے ۔ تین آدھے بڑے ٹانکے ۔ چار بڑے ٹانکے) اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں اگلے ٹانکے میں سادہ ٹانکا بنائیں ۔ * آٹھ بار دہرائیں ۔ گم ٹانکے سے پہلے ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

**ٹانکے شمار کریں ۔ آٹھ پتیاں ۔**

**گیاروں چکر ۔**

**پتیوں کی پچھلی طرف کام کرنا ہے ۔**

دسویں چکر کی پتیوں کے درمیان بنے سادہ ٹانکے سے کام شروع کریں ۔

*سادہ ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں ۔ سات زنجیر ٹانکے بنائیں ۔* آٹھ بار دہرائیں

گم ٹانکے سے پہلے ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں ۔

**ٹانکے شمار کریں ۔ ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بنے آٹھ سادہ ٹانکے ۔ سات زنجیر ٹانکے والی آٹھ جگہ ۔**






**بارہواں چکر ۔**

گم ٹانکے کے ذریعے سات زنجیر جگہ میں پہنچ جائیں ۔تین زنجیر ٹانکے بنائیں ۔(دہرائی کا پہلا بڑا ٹانکا شمار ہوگا)

*ہر سات زنجیر جگہ میں بارہ بڑے ٹانکے بنائیں ۔ * گم ٹانکے سے پہلے ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں ۔

**ٹانکے شمار کریں ۔ چھیانوے بڑے ٹانکے ۔**

**تیرواں چکر ۔**

ایک زنجیر ٹانکا بنائیں اور اس ہی ٹانکے میں آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ ہر ٹانکے میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ گم ٹانکے سے پہلے ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں ۔

**ٹانکے شمار کریں ۔ چھیانوے آدھے بڑے ٹانکے ۔**

**پیمائش:چھ انچ**

**چودہواں چکر ۔**
ایک زنجیر ٹانکا بنائیں اور اس ہی ٹانکے میں ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے ٹانکے میں ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔

*اگلے دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے ٹانکے میں آٹھ بڑے ٹانکے بنائیں ۔ اگلے دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے سات ٹانکوں

میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ * آٹھ بار دہرائیں ۔آخری دہرائی میں آخری دو سادہ ٹانکے چھوڑتے ہوئے پہلے سادہ ٹانکے میں گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

**ٹانکے شمار کریں ۔ آٹھ بڑے ٹانکوں والے آٹھ پنکھے۔ چھپن سادہ ٹانکے ۔**

**پندہرواں چکر ۔**

کسی بھی بنے پنکھے کے بعد آنے والے چوتھے سادہ ٹانکے میں سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے تین ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ *سات زنجیر ٹانکے بنائیں ۔ پنکھے کو خالی چھوڑ دیں سات زنجیر ٹانکوں کو پنکھے کی پچھلی طرف رکھیں ۔ اگلے سات ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ * آخر تک دہرائیں ۔ آخری چار سادہ ٹانکے چھوڑتے ہوئے پہلے سادہ ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

**ٹانکے شمار کرئیں ۔ سات زنجیر ٹانکے والی آٹھ جگہیں ۔ چھپن سادہ ٹانکے ۔**

**سولہواں چکر ۔**

کسی بھی پنکھے کے بعد آنے والے دوسرے سادہ ٹانکے کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔

*اگلے پانچ ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔

(پنکھے کے پہلے ٹانکے میں دو بڑے ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں ۔ ایک زنجیر ٹانکا بنائیں ۔ ) سات بار دہرائیں ۔ پنکھے کے آخری

ٹانکے میں دو بڑے ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں ۔ اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔* آخر تک دہرائیں ۔ پہلے ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

**ٹانکے شمار کرئیں ۔ ٹانکے کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں بننے چالیس سادہ ٹانکے ۔ چونسٹھ ۔ دو بڑے ٹانکوں والے جھنڈ ۔ ایک زنجیر ٹانکے والی چھپن جگہیں ۔**







**سترہواں چکر**

کسی بھی پنکھے کے پہلے جھنڈ سے شروع کریں ۔ *(جھنڈ کے گرد اگلی طرف سے بڑا ٹانکا بنائیں ۔ ایک زنجیر ٹانکا بنائیں ۔)

سات بار دہرائیں ۔ آخری جھنڈ کے گرد اگلی طرف سے بڑا ٹانکا بنائیں ۔ چکر نمبر پندرہ کی دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔ چکر نمبر پندرہ کے اگلے تین ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے اگلے حصہ میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں *

آخر تک دہرائیں ۔ پہلے ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

**ٹانکے شمار کرئیں ۔ ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے چونسٹھ بڑے ٹانکے ۔ ایک زنجیر ٹانکے والی چھپن جگہیں ۔ چوبیس آدھے بڑے ٹانکے ۔**




**اٹھارواں چکر ۔**

**اشارہ: جھنڈوں کے درمیان ایک زنجیر جگہ میں کام کیا جائے گا {چکر نمبر سولہ ہوگا} {چکر نمبر سترہ} کے زنجیر ٹانکے پچھلے طرف دھکیل دیں گے ۔ سادہ ٹانکے {چکر نمبر سترہ} کے ٹانکوں میں بنائے جائیں گے ۔**

کسی بھی پنکھے کے پہلے جھنڈ کے گرد اگلی طرف سے بنے بڑے ٹانکے سے شروع کریں ۔ *(جھنڈ کے گرد اگلی طرف سے بنے بڑے ٹانکے میں سادہ ٹانکا بنائیں ۔ ایک زنجیر جگہ میں بڑا ٹانکا بنائیں {چکر نمبر سولہ} تین بار دہرائیں ۔ اگلے جھنڈ کے گرد اگلی طرف سے بنے بڑے ٹانکے میں سادہ ٹانکا بنائیں ۔ ایک زنجیر جگہ میں دو بڑے ٹانکے بنائیں ۔ (چکر نمبر سولہ) *

( جھنڈ کے گرد اگلی طرف سے بنے بڑے ٹانکے میں سادہ ٹانکا بنائیں ۔ ایک زنجیر جگہ میں بڑا ٹانکا بنائیں ۔) تین بار دہرائیں ۔(

آخری جھنڈ کے گرد اگلی طرف سے بنے بڑے ٹانکے میں سادہ ٹانکا بنائیں ۔ آدھا بڑا ٹانکا خالی چھوڑدیں ۔ {چکر نمبر سترہ}

اگلے ٹانکے میں سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔ آخر تک دہرائیں ۔ پہلے ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

**ٹانکے شمار کرئیں ۔ چھپن بڑے ٹانکے ۔ بہتر سادہ ٹانکے ۔**




**انیسواں چکر ۔**

**اشارہ: صرف چکر نمبر سترہ کے ٹانکوں کے گرد کام کرنا ہے ۔**

کسی بھی پنکھے کے جھنڈ کے گرد اگلی طرف سے بنے پہلے بڑے ٹانکے سے شروع کریں {چکر نمبر سترہ}

* (ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بڑا ٹانکا بنائیں ۔ ایک زنجیر ٹانکا بنائیں) تین بار دہرائیں ۔ ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بڑا

ٹانکا بنائیں ۔ دو زنجیر ٹانکے بنائیں ۔ (ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بڑا ٹانکا بنائیں ۔ ایک زنجیر ٹانکا بنائیں) تین بار دہرائیں ۔

پنکھے کے آخری جھنڈ کےگرد بنے بڑے ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بڑا ٹانکا بنائیں ۔ درمیانی آدھے بڑے ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بڑا ٹانکا بنائیں ۔* آخر تک دہرائیں ۔ پہلے ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں

**ٹانکے شمار کریں ۔ ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے بہتر بڑے ٹانکے ۔ ایک زنجیر ٹانکے والی اڑتالیس جگہ ۔ دو زنجیر ٹانکے والی آٹھ جگہ ۔**




**بیسواں چکر**

**اشارہ: چکر نمبر اٹھارہ اور اونیس کے ٹانکوں کے گرد کام کیا جائے گا ۔ بڑے ٹانکے چکر نمبر اٹھارہ میں بنائے جائیں گے جو کہ دو زنجیر ٹانکے والی جگہ کو پچھلی طرف دھکیل دیں گے ۔**

چکر نمبر اونیس کے ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے پہلے بڑے ٹانکے سے شروع کریں ۔

* (ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے بڑے ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بڑا ٹانکا بنائیں .{چکر نمبر اونیس} {چکر نمبر اٹھارہ }میں بنے بڑے ٹانکے میں دو بڑے ٹانکے بنائیں ۔ ) چار بار دہرائیں ۔ {چکر نمبر اٹھارہ }میں بنے بڑے ٹانکے میں دو بڑے ٹانکے بنائیں ۔ ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے بڑے ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بڑا ٹانکا بنائیں ۔ {چکر نمبر اونیس}چار بار دہرائیں ۔ اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔ * آخر تک دہرائیں ۔ پہلے ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔


**ٹانکے شمار کرئیں ۔ ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے چونسٹھ بڑے ٹانکے ۔ ایک سو اٹھائیس بڑے ٹانکے ۔**



**اکیسواں چکر ۔**

کسی بھی پنکھے کے آخری اور اگلے پنکھے کے پہلے ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے بڑے ٹانکوں کے گرد سے شروع کریں ۔ *آخری اور پہلے ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے دونوں بڑے ٹانکوں کے گرد اگلی طرف سے بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلے بائیس ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔* آخر تک دہرائیں ۔ پہلے ٹانکے میں جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں

**ٹانکے شمار کرئیں ۔ ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے آٹھ بڑے ٹانکے ۔ ایک سو چھتر بڑے ٹانکے ۔**






**پیمائش کرئیں ۔ ساڑھے دس انچ**

**حصہ اول اختتام پذیر ہوا ۔**